پہلا ویمنز ون ڈے انٹر نیشنل: نیوزی لینڈ نے پاکستان کو 131 رنز سے ہرا دیا

- سوزی بیٹس اور سدرہ امین کی سنچریاں۔ ندا ڈار اور ڈیانا بیگ کی انجری

کوئنز ٹاؤن 12 دسمبر، 2023ء:

نیوزی لینڈ ویمنز نے پاکستان ویمنز کو پہلے ون ڈے انٹر نیشنل میں 131 رنز سے شکست دیدی۔

نیوزی لینڈ کی طرف سے سوزی بیٹس اور پاکستان کی طرف سے سدرہ امین نے سنچریاں اسکور کیں۔

سوزی بیٹس کو پلیئر آف دی میچ قرار دیا گیا۔

پاکستان ویمنز کو دو بڑے دھچکوں کا سامنا کرنا پڑا۔ میچ سے ایک روز قبل پریکٹس سیشن میں تیز بولر ڈیانا بیگ انگلی فریکچر ہو جانے کے سبب پوری سیریز سے باہر ہو گئیں جبکہ میچ کے دوران کپتان ندا ڈار چہرے پر گیند لگنے کے سبب میچ سے باہر ہو گئیں۔ 44ویں اوور میں بولنگ کے دوران گیند ان کے چہرے پر لگی جس کی وجہ سے وہ میچ میں مزید حصہ نہیں لے سکیں۔ ان کی متبادل کے طور پر صدف شمس نے میچ میں حصہ لیا جبکہ قیادت کی ذمہ داری فاطمہ ثنا نے سنبھالی۔ ندا ڈار کی اگلے میچوں میں شرکت کا فیصلہ بعد میں کیا جائے گا۔

کوئنز ٹاؤن کے جان ڈیوس اوول میں پاکستان ویمنز نے ٹاس جیت کر نیوزی لینڈ ویمنز کو بیٹنگ دی جس نے مقررہ 50 اوورز میں 4 وکٹوں کے نقصان پر 365 رنز بنا ڈالے۔

پاکستان ویمنز جواب میں 49.5اوورز میں 234رنز بنا کر آؤٹ ہو گئی۔

نیوزی لینڈ ویمنز کی اننگز کی خاص بات 36سالہ سوزی بیٹس کی سنچری تھی انہوں نے گیارہ چوکوں کی مدد سے 108رنز بنائے۔ یہ ان کی ون ڈے انٹر نیشنل میں 13ویں سنچری ہے۔ انہوں نے برنیڈن بیزی ڈین ہوٹ کے ساتھ پہلی وکٹ کی شراکت میں 165رنز کا اضافہ کیا۔ بیزی ڈین ہوٹ نے آٹھ چوکوں کی مدد سے 86رنز اسکور کیے۔

ایمیلیا کرنے چھ چوکوں کی مدد سے 83رنز بنائے جبکہ کپتان سوفی ڈیوائن نے جارحانہ انداز میں کھیلتے ہوئے صرف 36گیندوں پر 2 چوکوں اور 6چھکوں کی مدد سے 70رنز اسکور کیے۔

پاکستان ویمنز کی طرف سے ام ہانی۔ نشرہ سندھو اور فاطمہ ثنا نے ایک ایک وکٹ حاصل کی۔

پاکستان ویمنز نے پر اعتماد آغاز کیا اور سدرہ امین اور منیبہ علی نے پہلی وکٹ کی شراکت میں 110رنز کا اضافہ کیا۔ منیبہ علی پانچ چوکوں کی مدد سے 44رنز بنا کر آؤٹ ہوئیں۔

سدرہ امین نے عمدہ بیٹنگ کرتے ہوئے گیارہ چوکوں کی مدد سے 105رنز اسکور کیے۔ یہ ان کی ون ڈے انٹر نیشنل میں چوتھی سنچری ہے۔

ان دونوں کے بعد دیگر بیٹر قابل ذکر کارکردگی نہ دکھا سکیں۔ صدف شمس 10 بسمہ معروف 14 اور عالیہ ریاض 14رنز بنا کر آؤٹ ہوئیں۔ عمیمہ سہیل 7رنز بنا پائیں۔

میزبان ٹیم کی طرف سے ایمیلیا کرنے 44رنز دے کر 3وکٹیں حاصل کیں۔

دونوں ٹیموں کے درمیان اگلے دو ون ڈے انٹرنیشنل 15 اور 18 دسمبر کو کرائسٹ چرچ میں کھیلے جائیں گے۔ یہ ون ڈے سیریز آئی سی سی ویمنز چیمپئن شپ کا حصہ ہے۔

Media and Communications Department
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

Commercial Partners

Broadcast & Live Streaming Partners

Pathway Cricket Programme

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4